حضرت عثمانِ غنی رضی اللہُ عنہ کی شان

اَمیرُالمؤمنین حضرت عثمانِ غنی رضی اللہُ عنہ اُن خوش نصیب صحابۂ کرام علیہم الرضوان میں شامل ہیں جو شروعِ اسلام میں ایمان لائے تھے۔ ❋ 2 مرتبہ راہِ خدا میں ہجرت کا شرف حاصل کیا۔ ❋ جنہیں جامعُ القرآن ہونے کا شرف حاصل ہے۔ ❋ دونوں قبلوں کی طرف نماز پڑھی ہے۔ ❋ ان کا نام ان صحابۂ کرام علیہم الرضوان کی فہرست میں شامل ہے جو رشتہ داروں کی تمام تر تکالیف سہنے کے باوجود ایمان پر ثابت قدم رہے۔ ❋ انہیں یہ شرف بھی حاصل ہوا کہ رسولِ کریم صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی دو شہزادیاں یکے بعد دِیگرے ان کے نکاح میں آئیں۔ ❋ آپ سیرت و صورت میں بے مثال تھے۔ ❋ آپ کا شمار اللہ کریم کے ان مقبول بندوں میں ہوتا ہے جو ساری ساری رات عبادت و بندگی میں گزار دیتے تھے۔ ❋ ان لوگوں میں شامل تھے جو ہر وقت خوفِ خدا اور تقویٰ و پرہیز گاری سے رہتے تھے۔ ❋ ایسے تحمل مزاج تھے کہ خود جامِ شہادت نوش کر لیا مگر نبیِّ اکرم صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے شہرِ مبارک کو خون آلود نہیں ہونے دیا۔ ❋ سخاوت میں اپنی مثال آپ تھے۔ ❋ حِلم اور صبر و شفقت میں بھی اپنی مثال آپ تھے۔ ❋ عاجزی وانکساری والے بزرگ تھے۔